نظامت اعلیٰ زرعی اطلاعات پنجاب

21۔ڈیوس روڈ لاہور
Ph.042-99200731, 99200729, E.mail:mediaresearch34@gmail.com
www.facebook.com/AgriDepartment Twitter:@agri_department

پریس ریلیز

محکمہ زراعت پنجاب نے گندم کی فصل کی بہتر نگہداشت کے لئے سفارشات جاری کردیں

لاہور:05جنوری2026(   )ترجمان محکمہ زراعت پنجاب نے کہا ہے کہ گندم کی بھرپور پیداوار کے حصول کے لیے متوازن کھادوں کا استعمال نہایت ضروری ہے جس میں نائٹروجنی، فاسفورسی اور پوٹاش والی کھادیں شامل ہیں۔ترجمان محکمہ زراعت پنجاب نے مزید کہا کہ متوازن کھادوں کے استعمال سے پودے کی نشوونما بہتر ہوتی ہے، جڑوں کے نظام میں بہتری آتی ہے، دانوں کا سائز اور کوالٹی بہتر ہوتی ہے، پودوں میں بیماریوں اور کیڑوں کے خلاف قوت مدافعت پیدا ہوتی ہے اور اس طرح پیداوار میں اضافہ ہوتا ہے۔کاشتکار گندم کو بقیہ نائٹروجنی کھاد پہلے اور دوسرے پانی کے ساتھ برابر برابر اقساط میں استعمال کریں جبکہ ریتلے علاقوں میں تین برابر اقساط میں ڈالیں کیونکہ ایسی زمینوں میں اس کے ضائع ہونے کا احتمال زیادہ ہوتا ہے۔ اگر فاسفورسی یا پوٹاش کھاد بوقت کاشت نہ ڈالی جا سکے تو پہلے پانی کے ساتھ ڈالیں۔اس کے علاوہ گندم کے کھیت سے جڑی بوٹیوں کی بروقت تلفی کو یقینی بنائیں۔

☆☆☆☆